SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, September 22, 2003

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past seven in the evening, with Mr. Acting Chairman (Mr. Khalil-ur-Rehman) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا یھا النبی قل لازواجک و بنتک و نسآء المومنین ید نین علیھن من جلابیبھن ذلک ادنی ان یعرفن فلا یوذین و کان اللہ غفورًا رحیماً۔

ترجمہ ۔ اے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں) پر چادر لٹکا کر (گھونگھٹ نکال) لیا کریں ۔یہ امر ان کے لئے موجب شناخت (اور امتیاز) ہوگا تو کوئی ان کو ایذاء نہ دے گا اور خدا بخشنے والا مہربان ہے ۔ وماعلینا الا البلاغ المبین۔

(الاحزاب ۵۹:)

جناب بابر خان غوری: پوائنٹ آف آرڈر۔

پروفیسر خورشید احمد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ابھی دیکھیں قرأت کی گونج بھی ختم نہیں ہوئی۔

Will you get a chance? Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب سعید احمد ہاشمی صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب امان اللہ خان کنرانی بعض مصروفیات کی وجہ سے مورخہ ۱۸ اور ۱۹ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: محترمہ انیسہ زیب طاہرخیلی صاحبہ نے ذاتی مصروفیات کی وجہ سے آج مورخہ ۲۲ ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب متین شاہ بعض مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۸ اور ۱۹ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر ایم اکبر خواجہ نے طے شدہ مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۸ تا ۲۶ ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب محمد اعظم خان سواتی نے بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر آج مورخہ ۲۲ ستمبر سے اختتام حالیہ اجلاس تک کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب احمد علی وزیر مواصلات نے اطلاع دی ہے کہ وہ ترکی کے سرکاری دورے کی وجہ سے مورخہ ۲۲ تا ۲۸ ستمبر اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔

جناب سکندر حیات خان بوسن، وزیرمملکت برائے خوراک و زراعت و لائیو سٹاک نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملتان میں ہیں۔اس لئے آج مورخہ ۲۲ ستمبرکو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔

شیخ رشید احمد، وزیر اطلاعات و نشریات نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں۔ اس لئے وہ مورخہ ۲۲ ستمبر سے واپسی تک اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات وزیر داخلہ نے اطلاع دی ہے کہ وہ اسلام آباد سے باہر ہونے کی وجہ سے آج مورخہ 22 ستمبرکو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ Professor Sahib, you will bear out on this that whenever I was in the Chair, I gave full chance to the Opposition, وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ میں اپوزیشن کے ساتھ ملا ہوا ہوں۔ ابھی غوری صاحب کھڑے ہوئے ہیں، انہیں بولنے دیں۔ انہیں اگر بولنے نہ دیا تو وہ بالکل یہ سمجھیں گے کہ میں آپ کے ساتھ ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Acting Chairman: Rabbani Sahib, you have been here and I have been here for a long time,

آپ مدبر آدمی ہیں، you know غوری صاحب پہلے کھڑے ہوئے ہیں۔

میاں رضا ربانی: وہ پہلے کھڑے نہیں ہوئے۔

Mr. Acting Chairman: I have a better view

آپ کی back پروفیسر صاحب کی طرف ہے۔

میاں رضا ربانی: میں بھی دیکھ رہا تھا۔ آپ نے پہلے بھی زیادتی کی کہ point of order سے پہلے leave applications شروع کر دیں۔

You should have given the floor to Professor. Sahib.

جناب قائم مقام چیئرمین: Even then دیکھیئے غوری صاحب پہلے کھڑے ہوئے تھے۔

میاں رضا ربانی: غوری صاحب لمبی تقریر کریں گے۔

Mr. Acting Chairman: No. No. I hope it will be a very short one.

میاں رضا ربانی: غوری صاحب بعد میں بول لیں، پہلے آپ پروفیسر صاحب کو بولنے دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں، پہلے غوری صاحب بول لیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, otherwise alright, if you don't want in that way, then he won't be able to speak.

Mr. Acting Chairman: That is not fair.

Mian Raza Rabbani: Of course, that is fair.

Mr. Acting Chairman: No. No. That is not fair.

Mian Raza Rabbani: You should have given the floor to Professor Khurshid Sahib.

Mr. Acting Chairman: Whenever, I have been here, I gave floor to the Opposition up to the hilt.

Mian Raza Rabbani: You may have given the floor to the

Opposition. We are talking about now, we are not talking about past practices.

Mr. Acting Chairman: I have to run the House. It has to be balanced

وہی میں بتا رہا ہوں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ میں آپ کے ساتھ ملا ہوا ہوں۔

Mian Raza Rabbani: You should have given the floor to Professor Sahib. You are wasting the time like this.

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں، غوری صاحب کے بعد پروفیسر صاحب۔

میاں رضا ربانی: اس کے بعد نہیں، غوری صاحب سے پہلے آپ پروفیسر صاحب کو وقت دیں۔

میاں رضا ربانی: اگر آپ یہ چاہ رہے ہیں تو غوری صاحب کی تقریر نہیں سکے گی۔ اگر آپ نہیں چاہ رہے کہ پروفیسر صاحب point of order پر بات کریں تو بس پھر ٹھیک ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ اگر ایک آدمی بول لے۔۔

میاں رضا ربانی۔ نہیں جناب اگر ایسا ہے تو پھر نہیں ہو سکتا۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین۔ غوری صاحب، فرمائیے۔

(اس مرحلے پر اپوزیشن نے No, No کے نعرے لگانے شروع کر دیئے)

POINTS OF ORDERS

i) RE: SENATE CALENDAR AND HELPLESSNESS OF MINISTERS.

جناب بابر خان غوری: جناب والا! ان کو پارلیمانی آداب سکھائے جائیں، ان کو پتا نہیں ہے کہ پارلیمان کے آداب کیا ہیں۔ مجھے فلور دیا گیا ہے، ان سے یہ برداشت نہیں ہو رہا ہے۔ یہ چاہتے ہیں کہ ایوان کو اپنی مرضی کے مطابق چلائیں۔ یہ ممکن نہیں ہے، عوام ان کو مسترد کر چکے ہیں۔ میں آپ سے صرف اپنا point discuss کرنا چاہتا تھا اور وہ point یہ تھا

کہ آپ کس طریقے سے یہ سیشن چلا رہے ہیں؟ آپ نے دیکھا ہوگا کہ آج سے دو دن پہلے جب یہ اجلاس بلایا گیا تو اچانک at the eleventh hour اجلاس call کیا گیا۔ اس لئے احتجاج کے طور پر ہم لوگ یہاں نہیں آئے۔ ہماری گزارش ہے کہ سینیٹ کا پورے سال کا ایک کیلنڈر بنا دیا جائے تاکہ ممبران اپنی مصروفیات اس کے مطابق رکھیں کہ ہمارا اس مہینے اس تاریخ کو اجلاس ہے۔ دنیا کی تمام مہذب قومیں ایک منصوبہ بناتی ہیں، خواہ وہ ترقیاتی منصوبے ہوں، پچاس سال کا منصوبہ ہو یا دس سال کا منصوبہ ہو۔ ہم عوام کے لئے کیا منصوبہ بنائیں گے؟ ہم اپنا سینیٹ کا کوئی منصوبہ نہیں بنا سکے، اس کا کوئی کیلنڈر نہیں بنا سکے۔ میری گزارش ہے کہ آج آپ سیکریٹریٹ کو ہدایت کریں کہ سینیٹ کا پورے سال کا ایک کیلنڈر بنا دیا جائے اور اس میں یہ بتایا جائے کہ فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو سینیٹ کا اجلاس ہوگا۔ جب پورے سال کا کیلنڈر ہوگا تو اس کے مطابق معزز ممبران اپنے پروگرام بنا سکیں گے۔ ہر آدمی کو آسانی ہو جائے گی۔ یہ جو پارلیمان کی بات کر رہے ہیں، میں بھی پارلیمانی روایت ہی کی بات کر رہا تھا۔ ان کو بھی آسانی ہو گی کہ کب ہم نے boycott کرنا ہے اور کب ہمیں باہر road پر banner لے کر کھڑا ہونا ہے۔ میں ان کے favour کی بات کر رہا تھا لیکن شاید ان کو میری بات کی سمجھ نہیں آ رہی تھی۔

جناب چیئرمین! مہذب قومیں اپنی ترقی کے لئے، ترقیاتی کاموں کے لئے دس سالہ منصوبہ، بیس سالہ منصوبہ بناتی ہیں۔ یہ سب parliamentarians ہی بناتے ہیں لیکن یہاں ابھی تک ان کا اپنا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ At the elventh hour بتا دیا جاتا ہے کہ کل سینیٹ کا اجلاس ہے، دوپہر کو دو بجے بتا دیا گیا کہ صبح گیارہ بجے پہنچ جاؤ۔ خدا کے واسطے یہ سلسلہ ختم کیا جائے اور اس ایوان کا ایک calender بنایا جائے۔ اسے تمام اراکین میں تقسیم کیا جائے تاکہ وہ اپنا اس حساب سے پروگرام بنا سکیں کہ مہینے کی ان تاریخوں میں ہم اس ایوان میں موجود ہوں گے۔ اس کے علاوہ جو دن بچتے ہیں، ان میں عوام کے پاس جانا ہوتا ہے۔ علاقے میں offices بھی کھولنے ہوتے ہیں۔ انسان کی اپنی personal engagements بھی ہوتی ہیں، اس حوالے سے وہ انہیں manage کر سکتا ہے۔ آیئے آج ہم یہ مثال قائم کریں۔ مجھے امید ہے آج آپ یہ ruling دیں گے کہ ہمارا staff آئندہ کے لئے ایک calender ترتیب دے دے۔ ہم یہاں دنوں کی گنتیوں کے لئے نہیں آئے ہیں۔ یہاں پر یہ ہو رہا ہے کہ اتنے دن پورے کرنے

ہیں۔ دنوں کا مسئلہ نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں business کیا کرنا ہے۔ ہمیں عوامی مسائل یہاں لانے ہیں۔ ہمیں یہاں پر کون سے bills لے کر آنے ہیں، ان کے لئے ہمیں ٹائم چاہیئے۔ اگر ہمیں ایجنڈا نہیں ملے گا، ہمیں دس گھنٹے بھی نہیں ملیں گے اور بغیر ایجنڈے کے اجلاس کیا جائے گا تو پھر ہماری کیا تیاری ہو گی۔ یہاں پر دو دن agenda discuss ہو چکا ہے اور جو ممبران یہاں موجود نہیں تھے تو میری آپ سے گزارش ہے کہ ان کے business کو بھی اس session کے اگلے دنوں پر لایا جائے۔ اس سلسلے میں آپ سے ruling چاہوں گا۔

دوسرا point یہ تھا کہ وزراء حضرات سے ہمارے معزز اراکین جب عوامی مسائل کے متعلق رابطے کرتے ہیں تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم با اختیار نہیں ہیں۔ اگر ہم صفوان اللہ صاحب کے پاس جاتے ہیں کہ فلاں غریب آدمی ایک ملازم ہے، اس کی allotment کا مسئلہ ہے تو وہ کہتے ہیں کہ جی یہ اختیار ہمارے پاس نہیں ہے، یہ وزیراعظم کے پاس ہے تو پھر یہ وزیر کس بات کے ہیں؟ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ وزیروں کو یہ اختیارات کون دے گا؟ اگر وزیروں کے پاس یہ اختیارات نہیں ہیں اور وہ عوامی نمائندوں کے مسائل حل نہیں کر سکتے تو وہ کم از کم نمائندوں کو بتا دیں کہ ان کے مسائل کہاں کھڑے ہیں تاکہ کل جب ہم عوام میں جائیں تو ہمارا گریبان نہ پکڑا جائے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ یہ بہت serious مسئلہ ہے، اس کو take up کیا جائے اور جو مسائل ہم لوگ face کر رہے ہیں، ان کے لئے کمیٹیاں تشکیل دی جائیں۔ اگر کمیٹیوں کا قیام عمل میں آ جائے تو اس سے بھی یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ میری تجویز ہے کہ جو سینیٹ کی کمیٹیاں ہیں ان کو سینیٹ کے اس session میں complete کر لیا جائے۔ یہ چند باتیں تھیں جن کو میں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا تھا۔

Mr. Acting Chairman: I understand that

جو آپ کا پہلا point ہے I totally agree with you کہ کچھ جلدی ہوئی ہے اور I appologize for that, I was not here but I still appologize for that اور جو دوسری بات آپ نے کی ہے effectiveness of Ministers is not my ambit اور تیسرا آپ کا point تھا committees کا وہ کیسے بنیں گی۔ انہوں نے ابھی تک leader of the

Leader of the House and Leader of the Opposition - نہیں چنا ہے Opposition

it is not possible to مل کر یہ کمیٹیاں بناتے ہیں۔ جب تک یہ لوگ مسئلہ حل نہیں کر سکتے

do it وسیم سجاد اب تو نہیں ہیں، بھنڈر صاحب سے بات کر کے دیکھ لیتے ہیں۔ بھنڈر صاحب

What do you think of it?

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب یہ بات پہلے بھی ہوئی تھی۔ پارلیمنٹ اس وقت تک functional نہیں ہوسکتی جب تک committees کا قیام نہ ہو۔ ایسے Bills بھی آ چکے ہیں جو introduce ہو کر committees کو refer ہو چکے ہیں۔ ان کے پاس Committees کے لئے business ہے۔ اگر National Assembly میں committees نہیں بنی ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان کو سینیٹ میں بھی نہیں بننا چاہیئے۔ ہم نے گورنمنٹ سے یہ درخواست کی تھی کہ ہم committees کو ایجنڈے پر لے آئیں اور ہم ان کو form کرلیں تاکہ ہمارا House functional ہو جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: لیکن بھنڈر صاحب یہ تو پھر آپ کا کام ہے Senate does not do it. I mean Leader of the Opposition and Leader of the House will do it.

چوہدری محمد انور بھنڈر: ٹھیک ہے لیکن یہ جذبات تمام اراکین کے تھے کہ ان committees کو جلد از جلد بننا چاہیئے۔ وسیم سجاد صاحب آتے ہیں تو پھر مزید کوشش کرتے ہیں کہ اسی session میں committees کی formation ہو جائے۔

Mr. Acting Chairman: Right, then we will look into it. You should talk to Waseem Sajjad and let sort this out. Yes, Mrs Razina Alam.

ii) RE: OPPOSITION MEMBER'S LETTER TO SECRETARY GENERAL COMMON WEALTH

محترمہ رزینہ عالم خان: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں آپ کی توجہ روزنامہ "Dawn" کی اس خبر کی جانب مبذول کرانا چاہتی ہوں جس

کے مطابق اپوزیشن کی ایک خاتون سینیٹر نے Common Wealth کے جنرل سیکریٹری کو ایک خط لکھا اور اس خط میں ان سے اپیل کی ہے کہ وہ ہمارے حکومتی وزراء، جن کے نام بھی انہوں نے دیئے ہوئے ہیں، کی بے قاعدگیوں اور بدعنوانیوں کا نوٹس لیں۔ جناب عالی! اس ایوان بالا کی معزز رکن نے اپنے خط میں Common Wealth کے Secretary General کو ہمارے محترم وزیراعظم کے متعلق بھی لکھا ہے کہ وہ بہت بے بس ہیں۔ Civil Servants کی اپنے وزراء سے نافرمانی کا بھی ذکر کیا ہے۔ جناب چیئرمین! پاکستان ایک خود مختار اور آزاد ملک ہے۔ اس ملک کے مقدس ایوان کی ایک ممبر کی جانب سے سیکریٹری Common Wealth کو نوٹس لینے کے لئے لکھنا، پاکستان کی sovereignty پر ایک حملہ ہے۔ لہذا میری آپ سے گزارش ہے کہ اس خبر کی تحقیقات کرائی جائے اور یہ خبر صحیح ثابت ہونے کی صورت میں متعلقہ ممبر سینیٹ کے خلاف action لیا جائے تا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری کے خلاف کام کرنے والے تمام عناصر کی حوصلہ شکنی ہو۔ میں اخبار کی cutting آپ کی خدمت میں پیش کرتی ہوں۔ میری درخواست ہے کہ آپ اس کی ضرور تحقیقات کروائیں اور ان کے خلاف action لیا جائے جنہوں نے سیکریٹری Common Wealth کو خط لکھا ہے۔ شکریہ۔

iii) RE: POLICE BRUTALITY AT JHELUM

Mr. Acting Chairman: Any other point of order.

جناب محمد علی درانی: جناب! میں آپ کی توجہ آج سے تین دن پہلے جہلم میں ہونے والے واقعے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ جس کی وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہر پاکستانی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ پولیس نے دو نوجوانوں کو پکڑا، ان کے والدین سے پیسے مانگے، وہ پیسے نہیں دے سکے تو ایک لڑکے کے اوپر تشدد کیا، جس کی وجہ سے اس کی موت واقع ہوگئی۔ اس کی موت کے بعد اسے اٹھا کر سڑک پر پھینک دیا گیا اور اس کے اوپر سے گاڑیاں گزاری گئیں۔ جب اس پر عوام نے احتجاج کیا تو اس کا result یہ ہوا کہ تاجروں اور دوسرے لوگوں کو پکڑ کر اندر کر دیا گیا۔ یہ ایک ایسا قدم ہے جس پر میں تو privilege motion لانا چاہتا تھا لیکن کچھ سفر کی وجہ سے میں نہیں لا سکا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی وجہ سے صرف میرا استحقاق مجروح نہیں ہوا

بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے کیونکہ اس واقعے کی وجہ سے ذہنی پریشانی اور ذہنی کوفت ہوئی ہے۔ آج تک اس ہاؤس میں بہت سے privilege motion آتے رہے ہیں جس میں اپنی ذات کے ساتھ ہونے والی زیادتی کو point out کیا جاتا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے بڑا استحقاق اس ملک میں ان شہریوں کا ہے جن پر اس ملک کے ادارے اس قسم کا تشدد کر رہے ہیں۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ Interior Minister کو یہاں طلب کیا جائے اور ان سے یہ request کی جائے کہ وہ اس issue پر inquiry کر کے اس ہاؤس کے سامنے report پیش کریں اور جو لوگ، جو officers اس میں ملوث ہیں، ان کے خلاف قرار واقعی کارروائی کی جائے تا کہ آئندہ کسی کو اس قسم کے ظلم اور زیادتی کی جرأت نہ ہو۔

Mr . Acting Chairman: You have made your point . Unfortunately , the Minister is not here and I don't think anybody else is in a position to answer it. We will put it up whenever he comes.

FATEHA

جناب محمد نصیر مینگل : جناب چیئرمین ! اس چیز کا نہ حزب اختلاف کو خیال رہا ہے نہ Treasury Benches کو۔ اس پر فارسی کا ایک شعر کہوں گا کہ

(فارسی کا شعر)

دو دن پہلے ریلوے کا ایک بہت بڑا سانحہ ہوا، جس میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوگئی ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ جو لوگ اس سانحے میں چل بسے ہیں ان کے لئے دعائے مغفرت کریں کہ ان کے لواحقین کو اللہ تعالی صبر دے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: مولانا صاحب! آپ دعا پڑھ دیں۔

(ریلوے کے حادثے کا شکار ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

Point of Order RE: TRAIN ACCIDENT

ڈاکٹر شہزاد وسیم : جناب چیئرمین، دعائے مغفرت تو ہم نے کردی مگر میری گزارش یہ ہوگی

کہ اس واقعہ کی باقاعدہ طور پر تحقیقات کرائی جائے، کیونکہ ظلم کی بات یہ ہے کہ یہ حادثہ ایک پھاٹک نہ ہونے کی وجہ سے پیش آیا۔ میری اطلاع کے مطابق ایسے ہزاروں junctions ہیں جہاں پر اس قسم کے پھاٹک موجود نہیں ہیں اور وہاں ہر وقت ہزاروں انسانی جانوں کو خطرہ رہتا ہے۔ آج تو ہم نے فاتحہ پڑھ لی، ہم کب تک غریب لوگوں کی فاتحہ پڑھتے رہیں گے۔ میں پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ اس قسم کی نااہلی کا سختی سے نوٹس لیا جائے تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات کا اعادہ نہ ہو سکے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔

جناب محمد علی درانی: جناب چیئرمین' یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس میں اتنی بڑی negligence ہوئی ہے۔ پچھلے دو سال کے درمیان اس طرح کے چار واقعات اسی پھاٹک پر ہو چکے ہیں۔ سات لاکھ کی آبادی کے شہر کو یہ سڑک جاتی ہے۔ اس کے اوپر دروازہ اس لئے ابھی تک نہیں لگ سکا کہ این ایچ اے اور ریلوے کے درمیان کوئی conflict چل رہا ہے۔ اس کے نتیجے میں لوگوں کی جانیں اس طریقے سے تلف ہو رہی ہیں۔ آپ کے نوٹس میں یہ بھی لانا چاہتا ہوں کہ یہ وہ ریلوے لائن ہے جس کے اوپر سے -----

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر موشن سا بنتا جا رہا ہے ----

جناب محمد علی درانی: اس پر جناب میں call attetion notice move کر رہا ہوں۔ اس کو -----

جناب قائم مقام چیئرمین: وہ کر دیں تو ٹھیک رہے گا۔ Now let's get on to the business.

چوہدری محمد انور بھنڈر: میں گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آج پرائیویٹ ممبر ڈے تھا۔ گورنمنٹ بزنس نہیں تھا۔ اپوزیشن سے ہم توقع کر رہے تھے کہ یہ ایک ملا جلا ہمارا دن تھا جس میں پرائیویٹ ممبر بزنس تھا۔ وہ بہت talented people ہیں۔ وہ آتے، اجلاس میں شرکت کرتے۔ ہم ان کو welcome کرتے۔ ہم تو پہلے بھی یہ استدعا ان کی خدمت میں کرتے رہے ہیں کہ آپ کارروائی میں حصہ لیں۔ میں صرف یہ ریکارڈ میں لانا چاہتا ہوں کہ ہماری خواہش یہ ہے کہ وہ گورنمنٹ بزنس والے دن بھی ضرور آئیں اور پرائیویٹ ممبر والے دن تو خاص طور پر ضرور تشریف لاتے،

تشریف رکھتے ۔ ہمارا خیال یہ تھا کہ پرائیویٹ ممبر ڈے ایک مشترکہ کام ہے، گورنمنٹ سے تو اختلافات ہو سکتے ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بھنڈر صاحب آپ کی بات درست ہے، لیکن "وہ جگر کہاں سے لاؤں"۔

We are getting on to item No.2. Ch. Muhammad Anwar Bhinder may move for leave to introduce the bill appearing at the serial 2. on the order of the day.

INTRODUCTION OF THE BILL

{THE SUPREME COURT OF PAKISTAN(POWER TO REVIEW) BILL, 2003}

Ch. Muhammad Anwar Bhinder : Sir, I beg to move, for leave, to introduce a bill, to provide for the power of review by the Supreme Court of Pakistan, { the Supreme Court of Pakistan(power to review) bill, 2003}.

جناب حامد یار ہراج: میری گزارش یہ ہے کہ منسٹر برائے لاء اینڈ پارلیمانی افیئر یہاں پر موجود نہیں ہیں اور ان کی چھٹی کی درخواست بھی آئی ہوئی ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہاں پر کافی سارے بلز introduce ہو رہے ہیں۔ میری ایوان سے استدعا ہے کہ ان سب کو defer for the next day کردیں۔ تا کہ اس پر فیصلہ ہو سکے۔ شکریہ جناب۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس کی اطلاع تو میرے پاس بھی آئی ہوئی ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: میں گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بلز پرائیویٹ ممبر بلز ہوتے ہیں۔ کافی عرصے سے ان کا ہم نے نوٹس دیا ہوا ہوتا ہے ۔ ایک دفعہ اگر یہ نکل جائیں گے تو پھر اس کے بعد دوبارہ بہت دیر سے باری آتی ہے۔ میں اس بات پر تو اعتراض نہیں کروں گا غالباً فاضل وزیر پالیمانی امور کو کوئی زیادہ pressing engagements ہونگی اور ان کی موجودگی

میں ہی یہ بل پیش ہونے چاہئیں تھے لیکن صرف یہ استدعا کرنا چاہتا ہوں کہ آئندہ کے لئے اگر متعلقہ وزیرصاحب حاضر نہ ہوں تو ان کی بجائے اور وزیر صاحب اس کے متعلق اپنی سٹیٹمنٹ یا اپنا موقف واضح کر سکتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بھنڈر صاحب جہاں تک میری اطلاع ہے یہ بل بہت اہم ہیں۔ یہ کیبنٹ کو جاتے ہیں، وہاں پر discuss ہوتے ہیں، پھر ان کا consensus ان کو ملتا ہے چونکہ وہ نہیں ہیں تو Item 2 to 9 stand deferred till the next time. This takes us back to the motion. We now come to the motion under Rule 194, such motion is in the name of Babar Khan Ghori at serial No.10 of the agenda. Please move your motion Mr. Ghori sahib.

MOTION UNDER RULE 194

RE: OVERALL PERFORMANCE OF P.T.V.

Mr. Babar Khan Ghori: I beg to move that the House may discuss the overall performanc of Pakistan Television Corporation.

Mr. Acting Chairman : Minister is not here, who will answer that?

جناب حامد یار ہراج: جناب اس سلسلے میں یہی گزارش کروں گا کہ اس کو بھی further date کے لئے آگے لے جائیں کیونکہ یہ موشن ہے، اس پر discussion بھی ہو سکتی ہے۔

Sir, if you allow because you are the Chairman. If you want to proceed this way, the House can discuss it, then we can take it up and we can send the recommendations to the Ministery. Sir, it is up to you.

Mr. Acting Chairman: Things are like that we are in a

cul-de-sac.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, actually the position so far as motion 194 is concerned, that is already discussed.

Mr. Acting Chairman: So, lets discuss it anyhow. Watch it out when the Minister comes, he can reply.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: The honourable Minister has said that he has no objection if it is discussed.

Mr. Acting Chairman: Lets discuss it, he can come back with an answer or something like it. Yes Mr. Babar Ghori.

جناب بابر خان غوری: آج کے دور میں میڈیا کا بہت اہم کردار ہے۔ آپ نے دیکھا کہ عراق war میں جھوٹ بولا گیا لیکن اسی میڈیا کی وجہ سے آج شاید بلیر صاحب کو حکومت سے ہاتھ دھونا پڑے۔ پاکستان میں PTV ایک کارپوریشن ہے، کارپوریشن کا مطلب ہے ایک آزاد خود مختار ادارہ، لیکن شاید وہ آزاد اور خود مختار نہیں ہے۔ ہمیں ضرورت ہے کہ ہم اس کو ایک آزاد اور خود مختار ادارے کی حیثیت دیں، ہم نے جو اس کو نام دیا ہے وہ ہمیں باقاعدہ عملی طور پر دینا پڑے گا۔ ہم نے مختلف Channels کو بند کر دیا۔ ان کو بند کرنے سے کیا پاکستان ٹیلیویژن کی credibility عوام میں بنی، کیا عوام نے اس بات کا احساس کیا کہ وہ Channels اگر بند ہو گئے ہیں تو PTV پر جو خبرنامہ آ رہا ہے اس کی کیا سچائی ہے، اس میں جو کچھ بیان کیا گیا، کیا وہ اس کو تسلیم کرنے کو تیار ہو گئے۔ مسئلہ Channels کو بند کرنے کا نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہم اپنے اس TV کو کس طرح بہتر بنائیں۔

یہ پاکستان کا TV ہے، اس پر ہمیں فخر ہے۔ ہمارا یہ قومی نشریاتی ادارہ ہے۔ اگر ہم اس پر سرکاری search رکھیں یا اسے سرکاری TV بنا دیں تو یہ ان عوام کے ساتھ بہت ہی زیادتی ہو گی جو tax pay کرتے ہیں۔ پاکستان TV آپ کے ہمارے اور عوام کے ٹیکس سے چل رہا ہے۔ اس ادارے میں آپ نے Channels بند کر دیئے۔ Channels بند کرنے سے آج

کے دور میں سچائی چھپ نہیں سکتی۔ اب انٹرنیٹ کا دور ہے، اب کیا آپ گھر گھر انٹرنیٹ کو بند کریں گے ۔ وہاں بھی انٹرنیٹ پر خبریں حاصل کرنے کے سو ذرائع ہیں۔ اگر کوئی آدمی یا کوئی Channel جھوٹا propaganda کر رہا ہے تو پاکستانی قوم اس سے متاثر ہو کر اپنے ملک کے خلاف کھڑی نہیں ہو سکتی یا اس propaganda کو accept نہیں کر سکتی۔ ہم سنیں کہ انہوں نے کیا کہا تو ہم اس کا counter بھی کریں۔ جب ہمیں پتا ہی نہیں ہو گا کہ انہوں نے کیا کہا ہے تو ہم اسے compare ہی نہیں کر سکتے۔

آپ یہ دیکھیں کہ جب مختلف Channels آ رہے تھے تو اس سے PTV کے پروگراموں میں بہتری پیدا ہوئی ۔ اس کے talk shows شروع ہوئے، دوسرے entertainments programmes میں بہتری آئی۔ اس کی بھی وجہ یہی تھی کہ ایک مقابلہ شروع ہو گیا تھا لیکن اگر ہم وہ مقابلہ ختم کر دیں اور یہ سمجھ لیں کہ یہ ادارہ ہے اور ہم اس کو لوگوں پر impose کریں کہ تم نے یہ ہی دیکھنا ہے۔ اب جبکہ دوسرے Channels بند ہو گئے اور پانچ بجے آپ آفس سے تھک ہار کر آتے ہیں اور PTV کو کھولتے ہیں تو وہاں سے آواز آتی ہے " جناب یہ ٹریکٹر ہے، اس کے دو ویل آگے ہیں دو پیچھے ہیں" اب وہ بولے گا کہ بھئی میں ٹریکٹر تھوڑی دیکھنا چاہتا ہوں۔

PTV کی ٹیم بہت اچھی ہے۔ جو لوگ آج PTV چلا رہے ہیں ماشاء اللہ وہ professionals ہیں لیکن PTV میں مداخلت کو ختم کرنا چاہیئے۔ PTV کو آزاد کرنا چاہیئے۔ اگر آپ تین چار سینیٹرز کو لے کر اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنا دیں اور ان سے صرف اتنا کہہ دیں کہ وہ ہمارے آزاد لوکل Channels مثلاً Geo ARY Indus Uni وغیرہ کی خبریں اور PTV کے معیار کو چیک کر کے رپورٹ دیں تو حقیقت آپ کے سامنے جائے گی۔

میں پاکستان ٹیلیویژن کو criticise نہیں کر رہا، انہوں نے بہت اچھے اچھے ڈرامے پیش کئے ہیں۔ Artists کو دوسرے Channels پر payment زیادہ مل رہی ہے لیکن انہوں نے کم payments پر ملک کی محبت کی خاطر دن رات کام کر کے، اس کو آج ایک مقام تک پہنچایا ہے۔ اگر اس میں سرکاری مداخلت جاری رہے گی تو شاید وہ ترقی نہ کر پائے۔ اس کی performance کے صرف ملازمین ذمہ دار نہیں ہیں۔ اس کے ذمہ دار ہم اور آپ بھی ہیں جو اس

پر اپنی مرضی کی پالیسی مسلط کرتے ہیں۔ وہاں کوئی پالیسی مسلط نہیں کرنی ہے۔ ان کو وہاں پر professionally آزاد چھوڑنا ہے کہ آج کے دور میں ان کی ضرورت ہے۔ صرف ان کی needs کو پورا کرنا ہے تاکہ ہم دنیا کا مقابلہ کر سکیں۔ آج بھارتی T.V. English channel بنا کر پوری دنیا English language سے easily اپنا propoganda کر سکتے ہیں۔ انہوں نے Europe اور امریکہ میں جو Zee English channel شروع کیا، وہ بھارتی T.V ہے۔ وہ سرکاری نہیں ہے لیکن انہوں نے اس کو پورا patronize کیا ہے لیکن ہمارے private channels کو سرکار کی طرف سے کوئی امداد نہیں دی جاتی۔ ان کو سرکار کی طرف سے support نہیں کیا جاتا بلکہ ان کے لئے hurdles پیدا کی جاتی ہیں۔

P.T.V پاکستان کے لئے بہتری کا کردار ادا کر رہا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں سرکاری banks بھی ہیں اور foreign national banks بھی ہیں، کیا پاکستانی سرکاری banks بند ہو گئے، وہ بھی چل رہے ہیں اور foreign national banks بھی چل رہے ہیں۔ اسی طرح airlines میں بھی یہی مسئلہ ہوا ہے کہ PIA کی انتظامیہ اور افسران بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے PIA کو چلانے کی لئے ایک easy system یہ سمجھ لیا کہ گورنمنٹ کو کہہ دو کہ فلاں airline کو مت آنے دو، اس کے آنے سے ہماری airline متاثر ہو گی۔ یہ نہیں کہہ رہے کہ ہماری جو service خراب ہوئی ہے اس کو ہم بہتر بنائیں تاکہ دوسری airline کی service متاثر ہو۔ جب تک یہ trend نہیں آئے گا، اس وقت تک ہم مقابلے کے لئے تیار نہیں ہو سکتے۔ آج ہم اکیسویں صدی میں داخل ہو گئے ہیں۔ ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ جو ہمارے لوگ ہیں ہم ان پر trust کریں۔ PTV کے اعلیٰ افسران کو مکمل اختیار دیئے جائیں تاکہ وہ اس کو ایک professional طریقے سے چلائیں۔ سرکاری مداخلت ختم کر دی جائے۔ ہاں آپ کوئی ایسی چیز نہ دیں جس سے پاکستان کی ساکھ متاثر ہو۔ پاکستانی عوام کے جذبات متاثر ہوں یعنی کوئی غیر اخلاقی پروگرام نہ دکھائیں لیکن یہ بھی نہیں ہو کہ جب TV کھولیں اور چاہیں کہ میں relax ہوں تو آپ مزید tension میں آجائیں۔ ہمیں چاہیئے کہ اس قسم کے پروگرام کے لئے وہ سر جوڑ کر بیٹھیں اور ہم اس قسم کی instructions دیں۔ ہماری Information Ministry کو اپنا پورا ہاتھ ہٹانا پڑے گا otherwise کیا ہو گا کہ سوائے پنڈی کے ترقیاتی کاموں کے، کہیں کے

پروگرام نہیں دکھائے جائیں گے یہ چیز بہت غلط ہے اور بھی ممبران ہیں اور بھی ministers کام کر رہے ہیں لیکن ایک minister صاحب زیادہ آتے ہیں۔ دوسروں کا پتا بھی نہیں چلتا کہ وہ کام کر رہے ہیں کہ نہیں کر رہے ہیں۔ GEO اور دوسرے TV Channel سے پتا چلتا ہے کہ ہاں یہ بھی کچھ کام کر رہے ہیں۔ ہمایوں اختر صاحب نے بھی آج کچھ کام کیا ہے، آج نصیر صاحب نے کسی hospital کا دورہ کیا ہے لیکن اگر PTV میں چلے جائیں، سوائے شیخ رشید صاحب کے اور کسی کے پروگرام نظر نہیں آتے۔ میرے خیال میں جتنی محنت وہ کر رہے ہیں، اگلی ترقی ان کی بہت جلد ہو جائے گی۔لہذا، اس ترقی کے لئے---------------

جناب قائم مقام چیئرمین: PTV private television ہے۔

جناب بابر خان غوری: جناب میں آپ کے توسط سے گزارش کروں گا کہ PTV کے حوالے سے ہمارے اور بھی ممبران بات کرنا چاہیں گے۔ میں اپنی گفتگو مختصر کروں گا۔ہم چاہیں گے wind up پر اس کی واضح پالیسی سامنے آئے تاکہ PTV پر لوگوں کا اعتماد بحال ہو۔

جناب قائم مقام چیئرمین: غوری صاحب زور کم ہو گیا ہے۔ آپ کے تیس منٹ تھے۔ ہاں شہزاد وسیم فرمائیں۔

ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب غوری صاحب ایک نہایت حساس موضوع کو آج زیر بحث لائے ہیں۔ جناب آج free media biz world بن چکا ہے۔ اگر آپ free کی definition پر جائیں تو میرے خیال میں دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کا media شاید اس پر پورا نہیں اترتا ہے۔ یہاں ابھی عراق war کا بھی ذکر ہوا ہے، میں اسی کی مثال لوں گا۔ کیا عراق war کی reporting کے دوران BBC, CNN, FOX کو unbalanced یا free media کہیں گے ؟ جناب اپنے ملک کی ہر چیز پر تنقید کرنا بلکہ غیر ضروری تنقید کرنا unfortunately ہمارا شیوہ بن چکا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہتری کی گنجائش زندگی کے ہر شعبے میں موجود ہے۔ مگر ہمیں دوسری حقیقتوں کو بھی ذہن میں رکھنا ہو گا۔ جہاں پر right of choice اور human rights ہر شخص کا حق ہے، اسی طرح اپنے معاشرے کی قدروں کو، اپنے معاشرے کے ماحول کو دیکھتے ہوئے بھی اپنے بچوں کو کسی چیز سے protect کرنا بھی ہر معاشرے کا اور ہر انسان کا حق

ہے۔ دنیا کی تمام حکومتیں اپنے national interests کو promote کرنے کے لئے اپنی media policy اور اپنے channels کو بھی استعمال کرتی ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ پاکستان میں اگر ایسا کیا گیا تو نہایت غلط طریقے سے کیا گیا۔ میں یہ واضح کرتا چلوں کہ صرف News channels کی بندش نہیں ہوئی ہے بلکہ تمام Indian channels کی بندش ہوئی ہے۔ in the long run ہم اپنے آپ کو ان channels کی بندش سے protect نہیں کرسکتے۔ لیکن میرے خیال میں short term کے لئے یہ کوئی بری policy نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ entertainment کے نام پر ہماری معاشرتی اور اخلاقی قدروں کو جس طرح پامال کیا جاتا ہے اسی طرح talk shows کے نام پر جس طرح زہر اگلا جاتا ہے، موجودہ حالات میں ہمارا معاشرہ شاید اس کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ ہمیں ایک long term پالیسی بھی بنانی پڑے گی کیونکہ زیادہ دیر تک آپ صرف ان channels کی بندشوں سے اپنے آپ کو محفوظ نہیں کرسکتے۔

جناب والا! globalisation کے نام پر اس وقت مختلف اقوام کا استحصال کیا جا رہا ہے۔ جس طرح ایک hard ware ہوتا ہے اور ایک soft ware اسی طرح media نے electronically and,scientifically تو بہت ترقی کی ہے، مگر اس میں جو اس وقت soft ware چل رہا ہے وہ ابھی تک globalisation کی definition پر پورا نہیں اترا۔ اس وقت صرف ایک set of values کو دنیا کے تمام ممالک میں impose کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جو کہ دنیا کے مختلف ممالک کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ان حالات میں ہمارے media کے اوپر ایک بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آنے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنے آپ کو تیار کرے۔ میری تجویز ہے کہ سردست ضرورت اس امر کی ہے کہ private T.V.channels کی حوصلہ افزائی کی جائے اور مزید private T.V.channels کو encourage کیا جائے کہ وہ بھی اس دوڑ میں شامل ہوں۔

ایک اور تجویز یہ ہے کہ جس طرح بھی اظہار ہوا کہ PTV سے لوگوں کا اعتماد اٹھتا جا رہا ہے کیونکہ وہ حکومت کا spokesman بن کر رہ گیا ہے، ہونا تو یہ چاہیئے کہ PTV کو حکومت کا spokesman بننے کے بجائے State کا spokeman ہونا چاہیئے۔ اس میں بہت واضح فرق ہے

جو کہ PTV کو جاننا چاہیئے۔ میری ایک تجویز ہے کہ پارلیمنٹ کی کارروائی جو کہ صرف پی ٹی وی تک محدود ہے اس کو باقی privateT.V.channels جیسے GEO اور Indus وغیرہ ہیں ان کو بھی اس کی اجازت دینی چاہیے تاکہ وہ پارلیمنٹ کی کارروائی اور دوسرے حکومتی امور کو coverage دے سکیں ۔اس طرح جو ایک تاثر پایا جاتا ہے کہ خاص قسم کے نقطہ نظر کو promote کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، اس سے بچت ہو سکے ۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی رانجھا صاحب۔

ڈاکٹر خالد رانجھا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں سمجھتا ہوں کہ بابر غوری صاحب نے ایک بہت ہی اہم مسئلہ کو پیش کیا ہے اور اس پرہمیں سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے ۔ آج ہم حکومتی بنچوں پر بیٹھے ہیں حکومت کا ایک پیغام ہے ۔ کہ ہم نے آزادی اظہار دی ہے ۔ ہم نے freedom of information,freedom of press دی ہے۔ اس میں print media بھی آتا ہے اور electronic media بھی آتا ہے ۔ دنیا کے تمام ملکوں میں حکومت کا میڈیا میں عمل دخل ہوتا ہے۔ اس میں حکومت کی ساخت کو project کیا جاتا ہے۔ آپ دیکھیں کہ ہم ہمیشہ سمجھتے تھے کہ BBC اور CNN بڑے ہی independent ادارے ہیں لیکن جب ملکی مفاد آیا تو ان کا تمام تر Bias ملک کی طرف تھا۔ اس وقت جو point raise ہو رہے ہیں وہ دو ہیں ۔ ایک credibility اور دوسرا performanc ہے۔ میری ذاتی دانست میں PTV نے بہت improve کیا ہے لیکن اصل electronic Media کا test یہ ہے کہ جو چیز وہاں سے دکھائی جائے لوگ اس کو صحیح بھی مانیں۔ اگر لوگ اس کو صحیح نہیں مان رہے تو جتنا بجٹ اس کو دے رہے ہیں وہ سب ضائع ہو رہا ہے۔

میری دانست میں اس شعبہ میں جو لوگ کام کر رہے ہیں وہ گریڈوں کے چکر میں ہیں ۔تمام تر سوچ ایک سرکاری ملازم والی بنی ہوئی ہے۔ اس سرکاری سوچ کے تابع اگر مداخلت نہ بھی ہو، اگر باہر سے ان کو کوئی نہ بھی روکے، ان کو حکومت کی طرف سے کوئی آدمی نہ بھی روکے تو انہوں نے اپنے اوپر خود ایک قدغن لگائی ہوتی ہے۔ لہذا جب وہ پروگرام دکھاتے ہیں تو ان پروگراموں سے تاثر ملتا ہے کہ ادارہ کسی کے کہنے پر خبر دے رہا ہے، کسی کو project

کرنے کے لیے خبر دے رہا ہے۔ وہ تمام تر کاوش ضائع ہوجاتی ہے۔ میری اس ہاؤس سے گزارش ہو گی کہ کبھی جب ہم ٹی وی اسٹیشن جاتے ہیں تو آپ ان کی working condition دیکھیے گا۔ کبھی یہ بھی دیکھیے گا کہ ہم نے ان کو کیا دیا ہوا ہے۔ ان کے کیمروں کی شکل دیکھیے گا۔ جہاں وہ ہم سے بیٹھ کر باتیں سنتے ہیں اس ماحول کو دیکھیے گا۔ صرف تنقید کی بات نہیں، اس ماحول کو بھی improve کرنا چاہیئے اور ساتھ ساتھ وہاں پر induct کریں وہ لوگ، جو سرکاری سوچ نہیں رکھتے، جو ملازموں والی سوچ نہیں رکھتے، جن کو پتا ہے کہ media کا مقصد کیا ہے تا کہ point of view صحیح طریقے سے پیش کر سکیں۔ جب تک آپ اسکی credibility بحال نہیں کریں گے، اس میں تنقید کا پہلو نہیں آئے گا۔ اس وقت تک لوگ اس کو نہیں مانیں گے۔ میری ہاؤس سے گزارش ہے کہ اس پر غور کیجیے کہ کس طریقے سے ہم اسکی credibility بہتر کر سکتے ہیں۔ جس طرح فلاں اخبار کی credibility ہے فلاں اخبار کی credibility نہیں۔ جب تک اس طریقے سے ہم اس کو قائم نہیں کرتے کہ .PTV becomes a credible institution People start believing it. اس وقت تک جتنے بھی پیسے آپ اس پر لگا رہے ہیں، یہ پیسے سرا سر ضائع ہو رہے ہیں۔ اس کا نہ حکومت کو، نہ ملک کو، نہ ہی عوام کو کوئی فائدہ ہے۔ Thank you very much.

جناب قائم مقام چیئرمین: ولی محمد صاحب۔ تنویر خالد صاحبہ کیا آپ اپنی سیٹ پر بیٹھی ہیں؟

مسز تنویر خالد: نہیں میں اپنی سیٹ پر نہیں ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: تو پھر بولنے کے لیے آپ کو اپنی سیٹ پر جانا پڑے گا۔ شاید آج راستہ بھول گئی ہیں آپ کیونکہ پھر لوگ سمجھیں گے کہ کمیلی صاحب بول رہے ہیں۔

جناب محمد اکرم: شکریہ چیئرمین صاحب۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بابر غوری صاحب نے میڈیا اور پی ٹی وی کے role پربات کی اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک بہت اہم issue یعنی پی آئی اے اور ائر لائینز کی طرف بھی توجہ دلائی۔ کسی بھی country کی

economyکے لئے airlink بہت ضروری ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اس subject پر تھوڑی سی بحث کی جائے۔ PIA ہماری اپنی national airline ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ملک کے لیے، ہماری economy کی بہتری اور development کے لئے زیادہ سے زیادہ airlinks ہونے چاہئیں، جس میں international airlines اور private airlines دونوں کو زیادہ سے زیادہ encourage کرنا چاہیئے۔ PIA کے interests کو protect کرتے ہوئے ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ہم ان کو زیادہ encourage کریں اور پاکستان کے airlinks بڑھائیں۔ Thank you.

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ بولیں گی غلط سیٹ سے صحیح بات؟

مسز تنویر خالد: جی مجھے اجازت ہے یہاں سے بولنے کی یا مجھے اپنی سیٹ پر جانا پڑے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آج آپ کو اجازت ہے۔

مسز تنویر خالد: میں سمجھتی ہوں کہ ہم چند خواتین کی سیٹیں اتنی پیچھے ہیں کہ ہم liberty لے لیتے ہیں۔ خالی سیٹیں دیکھ کر ہم آگے آ کر بیٹھ جاتی ہیں۔ میں ٹی وی کے حوالے سے بات کرنا چاہوں گی۔ یہ بڑا دلچسپ موضوع ہے۔ اس وجہ سے کہ ہمارا ملک، سب جانتے اور مانتے ہیں کہ غریب ملک ہے۔ یہاں کے عوام کے پاس تفریح کے کچھ ہی مواقع ہیں۔ جن میں سے ٹی وی عوام کے پاس ایک بڑی تفریح کا ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ نہ ایسے مقامات ہیں، نہ وہ اتنے مالدار ہیں کہ تفریح کے لئے tours پر چلے جائیں، مری آ جائیں یا بیرون ملک چلے جائیں۔ ان غریب عوام کا تفریح کا واحد ذریعہ ٹی وی ہے۔ خواتین گھر میں کھانا پکاتے ہوئے، گھر کی دیکھ بھال کرتے ہوئے، اس بات کو بہت پسند کرتی ہیں کہ اپنا ٹی وی on رکھیں، مختلف قسم کی دلچسپ باتیں سنیں اور اپنی فرصت کے وقت، شام میں، وہ کوئی دلچسپ گفتگو سنیں، کوئی ہنسی مذاق کے پروگرام بھی ہوں۔

یہ ایک غریب ملک ہے جس میں ہنسنا اور تفریح کرنا تو کم میسر آتا ہے۔ دن بھر کا تھکا ہوا انسان اور گھریلو خواتین کو دلچسپ اور تہذیب کے اندر گفتگو سننے کا موقع ملنا چاہیئے۔ ہمارے

ملک کے پروگرام ایسے ہی ہوتے تھے اور ہوتے ہیں۔ اب بھی ویسے ہی جاری رکھیں۔ TV پر تفریح کو بڑھایا جائے کیونکہ اس کے علاوہ عوام کے پاس کوئی اور تفریح تو ہے ہی نہیں۔ کم از کم کراچی میں تو TV کے علاوہ کوئی اور تفریح نہیں ہے۔ یہاں کے لوگ شاید مری چلے جاتے ہیں؟ ہمارے کراچی والے غریب تو زیادہ سے زیادہ ساحل سمندر پر چلے جاتے ہیں۔ اس میں بھی ایک ساحل خراب ہوگیا ہے۔ .out of their reach اس وجہ سے میرے خیال میں TV کو اجازت ہونی چاہیئے کہ وہ تفریحی عنصر بھی بڑھائے ۔ تفریح نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے عوام انڈیا کے TV channels دیکھتے ہیں۔ عوام صرف ان کی خبریں سننے کے لئے یہ نہیں دیکھتے۔ شاید بہت ہی سیاسی دلچسپی رکھنے والے افراد یا صرف مرد حضرات خبریں سنتے ہونگے مگر گھریلو خواتین تو صرف ان کے دلچسپ پروگرام دیکھتی ہیں۔ ہنسی مذاق کے پروگرام لوگ دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہمارے پاس TV پر ایک ففٹی ففٹی پروگرام ہوا کرتا تھا جو بہت ہی دلچسپ پروگرام تھا۔ جو حضرات TV سے متعلق ہیں وہ اس طرح کے پروگرام بھی بنائیں اور TV میں دلچسپی پیدا کریں۔ میری یہی گزارش تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ محترمہ گلشن سعید صاحبہ۔

مسز گلشن سعید: میں بابر غوری صاحب کی بات کو آگے بڑھانا چاہتی ہوں۔ یہ جو منسٹریز کے بارے میں انہوں نے بات کی ہے۔ مجھے بھی کافی شکایات ہیں، آخر ہم پنجاب سے آئے ہیں۔ کافی لوگ ہم سے contact کرتے ہیں۔ کبھی تعلیم سے متعلق، صحت اور ہاؤسنگ سے متعلق مسائل کے حل کے لئے لوگ ہم سے رابطہ کرتے ہیں۔ جب ہم منسٹر صاحبان سے بات کرتے ہیں تو ہمیں کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملتا۔ ہمیں کہا جاتا ہے کہ ہمارے پاس کوئی چیز amend کرنے کے لئے powers نہیں ہیں۔ میں بھی یہی چاہوں گی کہ آپ اس بات کو نوٹ کریں۔ جتنے بھی ہمارے منسٹرز ہیں، ان سے کہا جائے کہ ہم سینیٹرز ہیں، ہم جب بھی ان سے کوئی بات پوچھیں یا ان سے کوئی مسئلہ کہیں یا اپنے علاقے کے لوگوں کے مسئلے ان کو بتائیں تو وہ ان کو اچھی طرح سنیں اور ہمیں اس کا صحیح جواب دیں یا اس کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ صرف یہ جواب دینا کہ یہ ہماری powers میں نہیں ہے اور وہ ہماری powers میں نہیں ہے۔

اس کا کوئی سدباب کیا جائے۔

اس کے علاوہ PTV کے بارے میں بھی جو بات کی گئی ہے۔ PTV پر اتنے فضول قسم کے پروگرام دکھائے جاتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ وہ time waste کرنے کی بات ہے۔ بچگانہ قسم کے پروگرام ہوتے ہیں جن میں کوئی مذاق کا پہلو نہیں ہوتا۔ ڈرامے بھی پتا نہیں کس سے لکھوائے جاتے ہیں؛ کس سے بنوائے جاتے ہیں؛ PTV پر کوئی تفریح کا پہلو نہیں ہے۔ سب نے کہا اور بالکل سچ کہا کہ اس پورے department کو overhauling کی ضرورت ہے۔ آپ اس بارے میں کچھ نہ کچھ کریں۔ ہم صرف یہاں بات کرنے کے لئے نہیں آتے۔ بات ہوتی ہے اور اس کے بعد ختم ہو جاتی ہے' اس پر کوئی عمل در آمد نہیں ہوتا۔

اس کے علاوہ میں کمیٹیوں کے بارے میں یہی کہنا چاہتی ہوں کہ ہمارے سینیٹ کو بنے ہوئے ۶ مہینے ہوگئے ہیں۔ اپوزیشن والے آکر یہاں بات کرنا پسند نہیں کرتے' ان کو کمیٹیوں میں کیوں شامل کرنے کے لئے کہا جا رہا ہے۔ نہ وہ آئیں گے اور نہ وہ بیٹھیں گے اور نہ کمیٹیاں بنیں گی۔ اس طرح ہمارا یہ عرصہ گزر جائے گا۔ یہ بڑی serious بات ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! آپ اس بات کو دیکھیں۔ وہ آکر شور مچاتے ہیں اور ۵ منٹ بعد چلے جاتے ہیں۔ اب اس بات کا بھی سدباب کیا جائے۔ ان کو یہاں داخل ہونے نہ دیا جائے۔ اگر انہوں نے صرف الاؤنس کے لئے آنا ہے تو کیوں آتے ہیں؟ ۹ مہینے ہوگئے ہیں اور پورا ملک ہمارا تماشا دیکھ رہا ہے۔ لوگ ہمیں شرمندہ کر رہے ہیں کہ آپ سینیٹ میں کیا کرنے جاتے ہیں؟ ۳ ماہ کے بعد سیشن ہوا ہے اور انہوں نے پھر وہی کیا ہے۔ بابر صاحب کو بات نہیں کرنے دی۔ شور مچا کر باہر چلے گئے۔ میرے خیال میں ان کا داخلہ بند کر دیا جائے۔ یہی ایک طریقہ ہے اور ان کا الاؤنس بھی بند کر دیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ PTV میں کیسے آ گیا؟

مسز گلشن سعید: نہیں، میں تو آپ کو سارے points بتا رہی ہوں۔ چیئرمین صاحب! اس بات کا مذاق نہ بنائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: مذاق نہیں serious بات ہے۔ PTV discussion پر

ہو رہی ہے۔

مسز گلشن سعید: جتنے میرے بھائی بہن سینیٹرز یہاں بات کر رہے ہیں، وہ تمام باتیں میرے ذہن میں ہیں۔ اب میں بات کرنے کھڑی ہوئی ہوں۔ سب سے main point یہی ہے کہ اپوزیشن کے رویے سے مجھے بہت تکلیف ہے۔ یہ آج بھی ۵ منٹ کے اندر اندر چلے گئے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: تو وہ TV پر آگیا کہ وہ چلے گئے۔

مسز گلشن سعید: تو پھر آپ سب یہ کیوں کہتے ہیں کہ اپوزیشن لیڈر سے بات کریں تو کمیٹیاں بنیں گی۔ یہ کیوں کہتے ہیں؟ یہ کمیٹیاں آپ بنائیں اور کام شروع کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہاں دیکھئے۔ وہ تو اب دوسری بات ہوگئی۔ یہ TV کی بات نہیں ہے۔ اب discussions ہو رہی ہیں TV کے اوپر۔

مسز گلشن سعید: بھئی TV کا تو میں نے ایک point کہا کہ یہ میں بھی agree کرتی ہوں کہ بہت ہی فضول قسم کے پروگرام ہوتے ہیں۔ اس کی overhauling کی ضرورت ہے۔ منسٹری کی بھی میں نے بات کی کہ ہمیں وہاں لوگوں کے کام پڑتے ہیں۔ ہم پارٹی کے لوگ ہیں۔ اگر ہمارے علاقے کے لوگ ہم سے کام کہتے ہیں تو ہم کس کو کہیں۔ جب کام کہیں تو کوئی جواب ہی نہیں دیتے۔ یہ جاننا ہی نہیں چاہتے کہ ہم کون ہیں۔ یہ بڑی افسوسناک بات ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی departmental problems ہوتی ہیں جو کہ ہم ان سے پوچھنا چاہتے ہیں، اس کی صحیح explanation ان کو یہاں دینی چاہیئے۔میں چاہتیوں کہ آپ یہ ساری باتیں نوٹ کریں۔اگر آپ چاہیں گے تو میں آپ کے کمرے میں آکر مزید discussions کرونگی۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہاں وہ زیادہ اچھا رہے گا۔ کمیلی صاحب آپ بھی غلط seat پر سے کیسے بات کریں گے۔ اب خاتون نے مائک لے لیا ہے۔ یہ بڑی مشکل ہے اچھا بولیں۔ وہیں سے بول دیں۔

this is the last time, please sit on your seats because the quorum of the

House is not right.

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک basic decorum ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بھنڈر صاحب ہمیں خوب پتا ہے لیکن خاتون کی بڑی زبردست قسم کی وجہ تھی۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: نہیں جناب آپ کو تو تمام چیزوں کا پتا ہے۔ میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس decorum کا پاس رکھنا چاہیئے کہ ہم اپنی seat پر سے بولیں وگرنہ تو آپ کی آنکھ recognize ہی نہیں کرتی۔ قانون اور ضابطے کے مطابق آپ پہچانتے ہی نہیں ہیں کسی کو تاوقتیکہ وہ اپنی seat پر نہ ہو۔ اس لئے یعنی آپ کی آنکھ کو پہچاننا ہی اس کو چاہئے جو اپنی seat پر ہو۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بس پھر آنکھ بدلنی پڑے گی۔ point taken. ہاں آپ آ جائیں اپنی seat پر۔ وہ محترمہ وہاں سے چلی گئی ہیں۔ ویسے بڑی گرم seat ہو گی۔ دو تقریں ہوئی ہیں نہ۔

بی بی یاسمین شاہ: point of order جناب آج بابر صاحب نے PTV کے حوالے سے بڑا اہم مسئلہ اٹھایا ہے۔ اس پرہمیں ضرور بحث کرنی چاہئے اور اپنی تجاویز دینی چاہئیں۔ PTV پاکستان کا بڑا اہم چینل ہے۔ اس کو بہتر سے بہتر بنایا جائے۔ آج کل جو اس پر پروگرامز آ رہے ہیں وہ اتنے اچھے نہیں ہیں کہ ان کو بیٹھ کر دیکھ سکیں۔ Private Channels کے جو programmes آپ دیکھ رہیں ہیں اس کے حساب سے PTV بالکل zero ہے۔ آجکل آپ کو پتا ہے کہ competition کا دور ہے۔ ہمیں یہ چاہئے کہ ہم اپنے PTV کے معیار کو اتنا بہتر بنائیں کہ ہمیں ضرورت نہ پڑے کہ ہم Star plus کا انتظار کریں یا Zee TV کا انتظار کریں یا کسی اور چینل کا انتظار کریں۔ کیوں کریں۔ ہمیں PTV سے اتنے اچھے پروگرامز دکھانے چاہئیں کہ ہمیں ان چیزوں کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ آپ دیکھیں کہ ہمارے پاکستان کے writers اور artists کتنے اچھے ہیں لیکن ان کو ہم use نہیں کر رہے۔ PTV سے ان کی صلاحیتوں کو استعمال

کرنا چاہئے۔

دوسری بات، میں آپ کی اس point پر توجہ دلانا چاہوں گی کہ جو ہمارے PTV کے artists ہیں وہ middle class سے belong کرتے ہیں۔ جتنے بھی ان کو cheques ملتے ہیں، وہ آپ کو بھی پتا ہوگا کہ کس حساب سے ملتے ہیں۔ وہ ان کے لئے کافی نہیں ہیں۔ ایک تو ان کی pay بڑھائی جائے۔ دوسری بات یہ کہ جب وہ بیمار ہوں یا خدانخواستہ کوئی مالی ضرورت پڑتی ہے تو ان کا سننے والا کوئی نہیں ہوتا۔ hospital میں پڑے ہوئے ہیں یا کسی بڑی بیماری میں خدانخواستہ مبتلا ہیں تو کوئی ان کو دیکھنے والا نہیں ہے۔ میں یہ چاہوں گی کہ گورنمنٹ کو PTV کے artists جو پاکستان کے artists ہیں، ان کی طرف دھیان دینا چاہئے۔ medical کے حساب سے ان کو جو ضرورت پڑتی ہے تو وہ کم ازکم پوری ہونی چاہئے۔ اس سلسلے میں ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: کمیلی صاحب۔

جناب محمد عباس کمیلی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب بابر غوری صاحب نے بہت ہی important مسئلہ چھیڑا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ٹیلیوژن ایک اہم ادارہ ہے اور ملک اور معاشرے میں جتنی بھی خرابیاں پائی جا رہی ہیں، ان سب کو سدھارنے میں PTV ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے بشرطیکہ اس کی policies درست طور پر frame کی جائیں۔ ٹیلی ویژن اس وقت کوئی مثبت کردار ادا نہیں کر رہا ہے۔ صرف اس لئے کہ اس کی policies صحیح طور پر frame نہیں کی گئی ہیں۔ فضول قسم کے پروگرام دکھائے جا رہے ہیں۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ میں دو چار مثالیں دے کر اپنی بات مختصر کرنا چاہتا ہوں۔

ٹیلیویژن کے ذریعہ ملک و قوم کو educate کیا جا سکتا ہے جو کہ نہیں کیا جا رہا ہے۔ educational type پروگرام دکھائے جا سکتے ہیں، technical training بھی ٹیلیویژن کے ذریعے دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ معاشرے میں جو اس وقت corruption پائی جا رہی ہے، جو بدعنوانیاں پائی جا رہی ہیں، جو terrorism ہے، جو انتہا پسندی ہے جس کے خلاف یہ حکومت ایک war لڑ رہی ہے جو intolerance ہے، یہ سارے وہ امراض ہیں جن کا حل ٹیلیویژن کے

